صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 18 اکتوبر 2010ء بمطابق 9 ذیقعدہ 1431ہجری صبح گیارہ بجکر تین منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ

كَيْفَ يَهْدِى ٱللَّهُ قَوْمًا كَفَرُوا۟ بَعْدَ إِيمَـٰنِهِمْ وَشَهِدُوٓا۟ أَنَّ ٱلرَّسُولَ حَقٌّ وَجَآءَهُمُ ٱلْبَيِّنَـٰتُ ۚ وَٱللَّهُ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلظَّـٰلِمِينَ O أُو۟لَـٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ ٱللَّهِ وَٱلْمَلَـٰٓئِكَةِ وَٱلنَّاسِ أَجْمَعِينَ O خَـٰلِدِينَ فِيهَا لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ ٱلْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ O إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُوا۟ مِنۢ بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا۟ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ O إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بَعْدَ إِيمَـٰنِهِمْ ثُمَّ ٱزْدَادُوا۟ كُفْرًا لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ وَأُو۟لَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلضَّآلُّونَ O صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلْعَظِيم

(ترجمہ): اللہ ایسے لوگوں کو کیونکر راہ دکھائے جو ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے اور گواہی دے چکے ہیں کہ بے شک یہ رسول سچا ہے اور ان کے پاس روشن نشانیاں آئی ہیں اور اللہ ظالموں کو راہ نہیں دکھاتا۔ ایسے لوگوں کی یہ سزا ہے کہ ان پر اللہ اور فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہو۔ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے ان سے عذاب ہلکا نہ کیا جائے گا اور نہ وہ مہلت دیے جائیں گے۔ مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کی اور نیک کام کیے تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ بے شک جو لوگ ایمان لانے کے بعد منکر ہو گئے پھر انکار میں بڑھتے گئے ان کی توبہ ہر گز قبول نہیں کی جائے گی اور وہی گمراہ ہیں۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' : محترمہ یاسمین ضیاء صاحبہ، سوال نمبر 840۔

* 840۔ محترمہ یاسمین ضیاء: کیا وزیر اسٹیبلشمنٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں تمام کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہر محکمہ کے ملازمین کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جو تفصیل محکمہ جات سے وصول ہوئی ہے، اس کے مطابق 2584 کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کیا گیا ہے۔

(ب) 2584 ملازمین کی ضلع وائز تفصیل فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ یاسمین ضیاء: نه جی، دیکښے خو څه سپلیمنټری کوئسچن زما نشته دے، البته ډیر ډیټیل سره دوئ ما ته جواب راکړے دے او ټول ډیټیل کتلو نه بعد ما ته معلوم شو چه جیل کښے ډیر لوئر ګریډ کلاس فور او دغه شان ملازمین هم او زه په دے باندے حکومت Appreciate کوم چه دومره غټ خلق او د هغوی د روزګار مسئله ئے حل کړه او واقعی دا ئے ډیر ښه کار کړے وو۔ Thank you so much۔

جناب سپیکر: تھینک یو، بی بی۔ شکر دے تاسو لږ، ښه ده Appreciation هم پکار وی، کله کله دا هم پکار وی او هر وخت Criticism ښه نه وی۔ تھینک یو۔

Noor Sahar Bibi, Question No. 841, not present. Again Noor Sahar Bibi, Question No. 866, not present. Again Noor Sahar Bibi, Question No. 867, not present. This Question is very good Informative Question but presented very late.

چه دا ولے زمونږ د ګورنمنټ نه لیټ راغلے دے او که سیکریټریټ لیټ راوا غستو؟ محترمه نعیمه نثار صاحبه۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں رول 48 کے تحت اس پر نوٹس دینا چاہتا ہوں۔

Mr. Speaker: Which one?

Mr. Abdul Akbar Khan: 867.

جناب سپیکر: میں نے تو اس کی بڑی Appreciation کی، میں تو۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: 867 دے جی۔

جناب سپیکر: Just a minute جی، 867، Written بھیج دیں۔ محترمہ نعیمہ نثار بی بی، سوال نمبر 959۔

* 959۔ محترمہ نعیمہ شاہین نثار: کیا وزیر اسٹیبلشمنٹ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے 1996 میں بعض ملازمین برطرف کر دیئے تھے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مرکزی حکومت نے مذکورہ ملازمین کی بحالی کیلئے صوبائی حکومت کو فنڈز فراہم کئے ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے مذکورہ ملازمین کی بحالی کیلئے منصوبہ بندی کر لی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ ملازمین کو کب تک بحال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) اس ضمن میں جناب بشیر احمد بلور، سینیئر وزیر کی سربراہی میں قائم کردہ کمیٹی غور و حوض کر رہی ہے۔

(د) مذکورہ ملازمین کی بحالی وفاقی حکومت سے فنڈ ملنے سے مشروط ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

Ms. Naeema Shaheen Nisar: Thank you, no Sir.

جناب سپیکر: تھینک یو، تھینک یو بی بی۔ آپ سے یہ ہماری معزز اراکین، لیڈیز بڑی Positive ہو رہی ہیں، عبدالاکبر خان! یہ کیا وجہ ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں جی، اچھا ہے جی۔

جناب سپیکر: سکندر خان! (ہنستے ہوئے) سید محمد صابر شاہ۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، اس میں یہاں پر ایک ایڈجرنمنٹ موشن موو ہوئی تھی تو حبیب الرحمن تنولی صاحب نے اور بشیر صاحب نے اس پر Commitment کی تھی کہ جو کمیٹی چیف منسٹر صاحب نے بنائی ہے، یہ برطرف ملازمین کی میں بات کر رہا ہوں، تو اس کا اجلاس بلایا جائے گا لیکن کوئسچن میں تو یہ لکھا

ہے،اس کاآپ آخری جزدیکھیں تو یہ مذکورہ ملازمین کی بحالی وفاقی حکومت سے فنڈ ملنے سے مشروط ہے تو پھر اس کمیٹی کی ضرورت نہیں ہے اور یہ بات چونکہ Already decide ہوئی ہے کہ وفاق سے فنڈ ملنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ اس پہ نوٹس دے دیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> ٹھیک ہے جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ بات آپ کی صحیح ہے،اس پہ ڈسکشن ہو جائے گی۔ سید محمد صابر شاہ صاحب، سوال نمبر، نہیں ہیں؟

(اس مرحلہ پر سید محمد صابر شاہ، رکن اسمبلی ایوان میں تشریف لے آئے)

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> سر، یہ پیر صابر شاہ صاحب تو آ گئے ہیں، چلو اچھا ہوا ہے لیکن پھر بھی ان کو اجازت دے دیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> پیر صاحب! ابھی تو میرے منہ سے آواز نکلی ہے لیکن کیا کریں، جناب لاء منسٹر صاحب! کوسچن ہے کہ نہیں۔ (ہنستے ہوئے) جی، پیر صابر شاہ صاحب کا کوسچن نمبر 701، بڑے عرصے بعد آئے ہیں، مہمان ہیں۔

* 701 _ <u>سید محمد صابر شاہ:</u> کیاوزیر محکمہ انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ فرنٹیئر ہاؤس اسلام آباد، فرنٹیئر ہاؤس ایبٹ آباد اور دیگر ریسٹ ہاؤسز میں اراکین اسمبلی کو رہنے کا استحقاق حاصل ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ریسٹ ہاؤسز میں مختلف معیار کے لحاظ سے درجہ بندی کی گئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ممبران اسمبلی کو مذکورہ ریسٹ ہاؤسز میں کس درجے پر رکھا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جناب عالی! ہمارے پاس کل 69 کمرے ہیں جو کہ تمام ممبران صوبائی اسمبلی، سیکرٹری صاحبان اور سینیئر افسران کیلئے پہلے آئے اور پہلے پائے کی بنیاد پر الاٹ کئے جاتے ہیں اور کسی قسم کی کوئی درجہ بندی نہیں کی گئی ہے۔

<u>Mr. Speaker:</u> Any supplementary?

جناب سید محمد صابر شاہ: ٹھیک ہے جی، کوئی نہیں۔

Mr. Speaker: Thank you. Syed Qalb-e-Hassan.

جناب عبدالاکبر خان: سر، آپ دیکھیں، پیر صاحب تو کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے لیکن کوئی بھی ممبر اس پہ سپلیمنٹری کر سکتا ہے۔

Mr. Speaker: Why not.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، ہم سمجھتے ہیں کہ Basic، جو اسمبلی ہے، یہ بھی ایک انسٹی ٹیوشن ہے اور ہائی کورٹ بھی ایک انسٹی ٹیوشن ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: بالکل ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: ان کے ہیڈز کو اگر آپ کمرے Reserved دے دیں تو ٹھیک ہے، ہم اس پر کوئی اعتراض نہیں کرتے لیکن یہ باقی کمرے جو ادھر بند پڑے ہیں اور ان کیلئے Reserved ہیں کہ وہ اگر وہاں آئے تو آئے اگر نہیں آئے تو کوئی اور آنریبل ممبر ادھر نہیں جا سکتا تو میرے خیال میں اگر حکومت اس پر غور کرے یا تو پھر سب کو ایک ایک کمرہ دے دیں، یہ نہیں کہ کسی کے ایک، دو، چار، دس Reserved کمرے ہوں اور باقی جو لوگ اگر وہاں پر جاتے ہیں اور ادھر کمرہ خالی بھی ہوتا ہے لیکن وہ نہیں دے سکتے۔

جناب سپیکر: جی۔ جناب آنریبل لاء منسٹر صاحب، پلیز۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): یہ آپ سید محمد علی شاہ باچا کے سوال کی طرف ریفر کر رہے ہیں، اس میں جی۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں نہیں، یہ محمد علی شاہ باچا کا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: ابھی وہ ٹھیک نہیں ہوا ہے؟

وزیر قانون: جی، اس طرح ہے کہ کابینہ میں بھی اس قسم کے کوئسچنز اٹھے تھے تو وہ پھر مجھے یہ ڈیوٹی دی گئی تھی کہ آپ اس کے اوپر اپنی کوئی Finding دیں اور اس کے متعلق لاء ڈیپارٹمنٹ کوئی Legal Opinion دے تو ہم نے یہ کہا ہے کہ اس قسم کی چیزیں ممکن نہیں ہیں اور کسی کیلئے Dedicated کمرے نہیں ہونے چاہئیں اور وجہ اس کی یہ ہے کہ آپ Entitled ہیں، سپیکر صاحب بھی Entitled ہیں، چیف سیکریٹری بھی لیکن اس کے Entitled اگر ایک دن، دو دن، تین دن جاتے ہیں اسلام آباد تو میں وہ اس حد تک۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، چونکہ جلدی میں ہم کو بعض اوقات اسلام آباد جانا پڑ جاتا ہے اور ہم اسٹیٹ آفیسر کو فون کرتے ہیں یا جاتے ہیں تو وہ اکثر ہوتا ہی نہیں ہے جس کی وجہ سے ہم کو بڑی تکلیف ہوتی ہے بکنگ کرانے میں، تو میری یہ تجویز ہے کہ یہ اسمبلی کے اسٹیٹ آفیسر کو دے دینا چاہیئے تاکہ ہمیں آسانی ہو اور کسی کو تکلیف نہ ہو۔

وزیر قانون: عبدالاکبر خان صاحب نے جی، عبدالاکبر خان صاحب نے محمد علی شاہ باچا کا جو کوئسچن ہے، اس پہ سپلیمنٹری کیا تھا۔ میرے بھائی، انہوں نے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ اس پہ واقعی بات تھوڑی صحیح ہے، اس کی طرف ہم آرہے ہیں لیکن پیر صاحب تو Withdraw ہوگئے نا، وہ تو Satisfied ہیں، Pir Sahib is satisfied، محمد علی شاہ صاحب کا جو کوئسچن ہے۔۔۔۔۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر اطلاعات: دا عبدالاکبر خان صاحب چه کومه خبره اوکړه، د هغے ضمنی جواب به مونږ ورکړو بیا خیر دے د هغوی سوال چه راشی نو دوئ ته به جواب ورکړو۔ ربښتیا خبره ده چه دوئ څه وائی چه Entitled څوک وی خو صحیح ده او چه Entitled نه وی او د هغه په نوم کمرے وی، دا غیر مناسب خبره ده ځکه چه د ټولو خلقو Right شته، د دے ښه ساده جواب دے په دیکښے او د ټولو خپل خپل حق دے چه د چا دا اختیار شته، Entitled دے، که د هغوی ځان له کمره وی نو وی به، اضافی کمره ورکول دا د دے ټولو ملګرو خواهش دے چه د دے اجازت نه دے پکار، لهذا مونږ د دوئ د جذباتو احترام کوؤ او هم داسے پکار ده چه اوشی۔

جناب سپیکر: ویلکم میاں صاحب، دا لږ کهلاؤ دغه سره داسے ښه وی، جی خیر دے که دا زما کمره هم اخلئ نو واخلئ خو (ہنستے ہوئے) سید محمد علی شاہ صاحب، جاوید عباسی صاحب کون آپ کو بول رہے تھے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، ویسے تو یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں صاحب کی بات سے آپ سب Satisfy ہوگئے؟

جناب محمد جاوید عباسی: جی، بالکل ٹھیک ہے۔ میاں صاحب نے کہا ہے تو ان کی بات سر آنکھوں پہ مگر جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے بتانا چاہتا ہوں کہ یہاں بہت سے لوگوں کو بڑی شکایت ہے، Specially فرنٹیئر ہاؤس اسلام آباد سے۔ وہاں چونکہ بکنگ کا جو سسٹم انہوں نے رکھا ہے، پہلے یہ ہوتا تھا کہ یہاں اسمبلی سیکرٹریٹ سے بکنگ ہوتی تھی اور یوں آسانی تھی، اب چونکہ ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے نیچے انہوں نے ایک اور افسر بٹھا دیا تو لوگوں کو اکثر، ایک آدمی یہاں سے اسلام آباد چلا جاتا ہے جناب سپیکر، اور اسلام آباد پہنچ جاتا ہے اور اس کو کمرہ چاہیئے ہوتا ہے، لاہور سے آرہا ہے، کراچی سے آرہا ہے تو جناب فرض کریں وہ جو اسٹیٹ آفیسر صاحب ہیں، وہ دو دو دن آدمی کو نہیں ملتے ہیں اور لوگوں کو وہاں بڑی پریشانی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سہولت ہونی چاہیئے کہ اسمبلی سیکریٹریٹ کے یہاں آپ کے جو اسٹیٹ آفیسر ہیں، ان کے ساتھ یہاں بکنگ ہونی چاہیئے تاکہ آسانی ہو جائے ممبران کیلئے اور کئی سوال ہمارے پاس آئے ہیں، کمیٹی کے پاس بھی، تو وہ یہ کہتے ہیں کہ جناب ہمارے پاس کمرہ نہیں ہے اور جب وہاں Physical inspection کی جاتی ہے تو وہاں کمرے موجود ہوتے ہیں تو یہ سہولت ممبران صاحبان کیلئے ہونی چاہیئے، ان کو مہیا ہونی چاہیے لیکن ایسا ہو نہیں رہا۔ ابھی میاں صاحب نے کہہ دیا ہے کہ یہ بہت اچھی بات ہے اور آج سے یہ بات ٹھیک ہو جائے گی لیکن جو بکنگ کا طریقہ کار ہے جناب سپیکر، وہ ٹھیک نہیں ہے اور وہ تب ہی ٹھیک ہو سکتا ہے کہ اسمبلی سیکرٹریٹ کا جو اسٹیٹ آفیسر ہے، وہ بکنگ کرے سر۔

جناب سپیکر: جی، میاں افتخار صاحب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب! انہوں نے درست فرمایا ہے، اس لئے کہ تکلیف ہے اور شکایت ہے، ہمیں بھی اس کا پتہ ہے اور جس طریقے سے یہ کہہ رہے ہیں کہ یہاں پہ ہونا چاہیئے، یہ بھی درست ہے اور وہاں پہ بھی ہونا چاہیئے، اس لئے کہ اگر ایک جگہ ہو تو یہ پشاور میں رہتے ہیں تو ان کو یہاں پہ آسانی ہو جاتی ہے، کبھی کبھار اسلام آباد ہی میں ضرورت پڑتی ہے تو وہاں پہ بھی ہونی چاہیئے اور جس طریقے سے بھی ایم پی ایز کو Facilitate کیا جا سکتا ہے وہی طریقہ اپنایا جائے گا، تو اگر کوئی بھی شکایت ہو تو شکایت بھی سر آنکھوں پہ، شکایت دور بھی کریں گے اور یہ ہماری ذمہ داری بھی ہے اور بالکل ان کو کوئی شکایت آئندہ نہیں ہو گی۔

جناب سپیکر: یہ اور بات کہہ رہے ہیں کہ گورنمنٹ سیکرٹریٹ، اس گورنمنٹ کے سیکرٹریٹ کے ملازمین کو ادھر سے ٹھیک ہے اور جو اسمبلی کے آنریبل ممبرز ہیں، ان کی بکنگ آپ کہتے ہیں کہ اسمبلی سے ہوا کرے؟

جناب محمد جاوید عباسی: جی ہاں، اسمبلی سے۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، اسمبلی سے۔

جناب سپیکر: نہیں، تو Duplication نہیں ہوگی؟

جناب عبدالاکبر خان: جناب، ہمارا مطلب یہ ہے کہ ہم میاں صاحب کے بڑے مشکور ہیں کہ انہوں نے بہت اچھے طریقے سے اس کو Explain کیا، چونکہ یہاں پر گورنمنٹ فنکشنریز بھی جاتے ہیں، سیکرٹریز یا جو گورنمنٹ فنکشنریز ہیں، وہ بھی جاتے ہیں تو ان کیلئے یہ ممکن نہیں ہے کہ وہ اسمبلی سیکرٹریٹ سے بکنگ کرا لیں یا ہو سکتا ہے میٹنگ ہو اور میٹنگ کو Extend کرنا ہے Next day کیلئے، تو ٹھیک ہے، ہم یہ نہیں کہتے، دیکھیں اگر یہاں پر اسٹیٹ آفس یا ادھر ایم پی ایز ہاسٹل میں ہو، فرنٹیئر میں ہو تو ٹھیک ہے، آپ جو بھی مناسب سمجھتے ہیں، یا مل بیٹھ کے کچھ کمرے اسمبلی سیکرٹریٹ کے وہ کر لیں تاکہ ایم پی ایز جو ہیں اور وہ دونوں اپنا کوآرڈینیشن ایک دوسرے کے ساتھ کریں، اسٹیٹ آفس اور یہ، کہ اگر ان کو کمرے کی ضرورت ہے، ان کے پاس خالی کمرہ ہے تو یہ ان کو دے دیں، اگر ان کے پاس خالی کمرہ ہے، تو ان کو ضرورت ہے تو وہ ان کو دے دیں، ایک Liaison ہونا چاہیئے اسمبلی سیکرٹریٹ کا اور مطلب ہے کہ گورنمنٹ کا جو ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ ہے، تو میرے خیال میں تھوڑی سی آسانی رہے گی اور سب کی مشکلات حل ہو جائیں گی۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل میاں صاحب، میاں افتخار صاحب۔

وزیر اطلاعات: سپیکر صاحب! ایسا ہے کہ ابھی ایسی جو مشکل یہ بتا رہے ہیں، ایک Genuine Problem ہے اور اس حوالے سے ہم کہہ رہے ہیں، یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ خالی کمرے ہوتے ہیں لیکن وہ ہمیں نہیں بتاتے۔ اسکی تو کوئی گنجائش ہی نہیں ہے، اگر ایسا کبھی ہوا تو بالکل جو بھی آفیسر وہاں پر موجود ہوگا اسکو سزا بھی دی جائے گی اور آنریبل ممبر سے جھوٹ بولنا تو کسی طور پر مناسب نہیں ہے، خالی کمرہ ہو تو اسی کا حق ہے اور انہی کو دیا جائے گا۔ کسی نے بھی جھوٹ بولا ہو تو اسکا نام ریکارڈ پر لائیں، ہم ضرور اسکو سزا دیں گے۔ رہی یہ بات کہ Mutual understanding ہو، ہماری آپس میں، تو وہ

Understanding کی بات ہے۔ جو Facility کی بات ہے، ابھی تک جو طریقہ کار ہے تو میرے خیال میں وہ درست ہے، درست اس لئے ہے کہ یہاں سے بھی ہو سکتا ہے اور اسلام آباد سے بھی ہو سکتا ہے، شکایت اتنی سی ہے کہ کچھ کمرے لوگوں کے نام پر کر دیئے گئے ہیں اور کچھ کمرے خالی ہیں اور انکو بتایا جاتا ہے کہ بھرے ہوئے ہیں تو یہ شکایت چاہے کہیں سے بھی ہو تو یہ شکایت ہو سکتی ہے، لہذا اس شکایت کو دور کرنا ہے تو میں یہ کہونگا کہ اس شکایت کو ہم دور کریں گے، اگر پھر بھی کوئی شکایت رہی تو بالکل ہم یہی بتانا چاہتے ہیں اور تمام جو آفیسر ہیں، انکو ہدایات دیتے ہیں کہ آئندہ کیلئے ایسی شکایت نہیں ہونی چاہیئے، ہوئی تو پھر اسکا ازالہ کریں گے۔

جناب سپیکر: تھینک یو، تھینک یو۔ مفتی کفایت اللہ صاحب، سوال نمبر 770۔

* 770 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہ سے ماہانہ گروپ انشورنس کی کٹوتی کی جاتی ہے اور ریٹائرمنٹ پر یہ رقم واپس نہیں کی جاتی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ملک میں باقیماندہ انشورنس سکیمیں Mature ہونے پر بمعہ منافع رقم واپس کی جاتی ہیں؛

(د) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) صوبائی گورنمنٹ سرکاری ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر دیگر انشورنس پالیسی کے قواعد وضوابط کے مطابق اصل رقم بمعہ منافع ادا کرنے کیلئے تیار ہے؛

(ii) اگر جواب نفی میں ہو تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(د) (i) جی نہیں، ایسا ممکن نہیں ہے۔

(ii) صوبائی حکومت کے ملازمین کو دی جانے والی سکیم گروپ ٹرم انشورنس ہے، ٹرم انشورنس کے تحت آنے والی سکیموں پر دنیا کے کسی بھی ملک میں Mature ہونے پر اصل زر بمعہ منافع ادا نہیں کیا جاتا کیونکہ اس سکیم کے تحت نہایت ہی کم پریمیم کے عوض بھاری رقم Claim کی صورت میں ادا کی جاتی ہے، مثال کے طور پر سکیل ایک تا چار کے ملازمین سے ماہانہ کٹوتی مبلغ 44 روپے کی جاتی ہے جبکہ ناگہانی موت کی

صورت میں مرحوم کے ورثاء کو مبلغ ./150,000 روپے کی ادائیگی کی جاتی ہے جبکہ ایسی سکیم جس میں Maturity پر ملازمین کو ادائیگی کی سہولت میسر کی جائے تو ایسی -/150,000 روپے کی رقم کیلئے ملازمین سے ماہانہ مبلغ -/700 روپے کی کٹوتی بیس سال کے عرصہ کیلئے کرنا پڑے گی جو کہ ان پر ایک اضافی بوجھ ہوگا۔ موجودہ سکیم کے تحت جہاں ناگہانی موت کی صورت میں ادائیگی کی جاتی ہے وہیں پر ملازمین کی معذوری پر ادائیگی کی شرط بھی موجود ہے۔اسکے علاوہ اگر کوئی سرکاری ملازم ریٹائر ہو جائے تو بغیر کسی ماہانہ کٹوتی کے پانچ سال تک مفت انشورنس کی سہولت دی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ گروپ انشورنس کا مقصد گروپ کی قلیل شراکت سے موت کا شکار ہونے والوں کا فائدہ ہے۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری جی، بل پکښے شته؟

مفتی کفایت اللہ: او جی، په دیکښے ما د یو خبرے پوښتنه کړے وه او د هغے دوئ جواب ټهیک را کړے دے جی او د جواب باره کښے متعلقه محکمے ته حراج تحسین هم پیش کومه خو یو ضمنی سوال لرمه چه دوئ دا جواب را کړے دے چه د قواعدو مطابق دا ممکنه نه ده چه صوبائی ګورنمنټ سرکاری ملازمینو له د ریټائرډمنټ نه وروستو هغه رقم به هم بمع منافع ورکړی نو دویم کښے دا خبره پخپله کوی چه کله انشورنس سکیم Mature شی او نور چه کوم سکیمونه دی نو هغه رقم خامخا منافع سره واپس کوی نو زمونږه دا حساب ولے دے؟ او په دیکښے چه کوم فرق دے نو که هغے باره کښے منسټر لاء څه اووائی نو زه به مطمئن شمه جی۔

جناب سپیکر: جی،آنریبل محمد انور خان صاحب، سپلیمنٹری کوئسچن جی؟

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب، زما دا یو کوئسچن دے، د دوه درے ورځو نه، د کومے ایجنډے کاپی چه تقسیمیږی یا نن کومه کاپی ده نو په دے باندے کوم جوابونه چه ورکړے شوی دی، په ټوله دغه باندے صوبه سرحد یا شمال مغربی سرحدی صوبه لیکلے ده، تاسو دا ننئ کاپی اوګورئ جی، دلته مونږه ته ډیره موده پس خیبر پختونخوا یو خپل نوم ملاؤ شوے دے جی او بیا د هغے یو آئینی ترمیم شوے دے او مونږه په یو آئینی اداره کښے ناست یو او د هغے باوجود چه د دے محکمو کارکردګی به تاسو ته د دے نه پته اولګی چه په ننئ ایجنډه کښے تاسو په یو ځائے کښے، په یو کوئسچن باندے د پاسه خیبر

پختونخوا اونه وینئ بلکه په ټولو باندے صوبه سرحد لیک دے ، صوبه سرحد، زه دا عرض لرمه چه یو خو د دے نه دا پته لگی چه دا سوالونه چرته د جون نه مخکښے راغلی دی نمبر ایک۔ نمبر دو خبره دا ده چه که فرض کړه دوئ دا لیکلی وی نو پکار ده چه په قلم باندے Correction اوکړی او زمونږه چه کوم آئینی نوم دے چه هغه په دے باندے اولیکلے شی۔ بار بار جی، درے څلور ورځو نه تاسو چه د کومے ایجنډے کاپئ گورئ نو په ټولو باندے صوبه سرحد لیکلے دے نو ستاسو توجه او د ایوان توجه دے طرف ته راگرځومه چه د دے محکمو د کارکردگئ پته هم اولگی او مونږ پښتنو ته چه کوم نوم ملاؤ شوے دے او کوم پهچان ملاؤ شوے دے ، د اسمبلئ په فلور باندے مونږه بیا صوبه سرحد وایو نو دا زیاتے دے جی۔

جناب سپیکر: تمام ڈیپارٹمنٹس کو ہدایت کی جاتی ہے کہ یہ اس پر Sticker لگایا کریں اور جو ہمارا اپنا نیا نام ہے، وہ ضرور ہونا چاہیئے۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب، ځائے په ځائے چه په دے بورډونو باندے صوبه سرحد لیکلے شوے دے نو هدایات ورته ورکړئ چه بدل د کړی جی۔

جناب سپیکر: دا اسمبلئ سیکرټریټ؟

مفتی سید جانان: او جی، او۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب، ډیر په موقع باندے مطلب دے چه د دے خبرے اظهار ئے اوکړو، دا ځائے په ځائے باندے تر اوسه پورے په هر ځائے کښے دا خبره شته او د حکومت ټولو خلقو ته د دے هدایات پکار دی چه کم از کم زمونږه د طرف نه کمے بیشے نه وی۔ اوس هم زمونږه په ډاکومنټس کښے ، بیا وائی چه دا زوړ وو، کله وائی چه دا نوے وو، چه زوړ وو نود زوړ نه به ورانوئ او په گوتو به پرے لیکئ خو که دا نه لیکئ، د دے مطلب دا دے چه دا د آئین خلاف ورزی ده، د دے اسمبلئ هم توهین دے او په خپل نوم باندے پخپله شرمیدل دی، لهذا بالکل د دوئ د جذباتو قدر کوؤ او پکار داسے ده چه څنگه دوئ وائی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا خو صرف د سټیشنرۍ د فضول خرچ نه د بچ کیدو، پکار وه چه مخکښې ئې یو رولنګ ورکړې وو چه ټوله سټیشنری نوې کوئ مه او مه فائیلونه نوې کوئ خو په هغې باندې Stickers اولګوئ او نوم پرې بدل کړئ نو دا دوباره سختئ سره ټولو ډیپارټمنټس ته او اسمبلی سیکرټریټ ته هم سخت هدایات ورکړې کیږی چه د دې نوم خاص خیال اوساتی، دا اوس د آئین حصه جوړه شوې ده، د دې دغه خلاف ورزی به چرې هم نوره نه برداشت کیږی۔ جی سید قلب حسن صاحب، مفتی صاحب، ضمنی سوال۔۔۔۔۔

وزیر قانون: دا زما خیال دې، کافی تفصیلی جواب مونږه ورکړې دې چه دا کوم سوال دوئ کړې دې چه آیا په Maturity باندې دا پیسې ولې نه ملاویږی؟ نو دا چونکه ګروپ ټرم انشورنس سکیم دې، د هغې تحت د دې Criteria دا ده چه ډیر Minimal غوندې Monthly contribution دې ته کیږی، لکه د لته تقریباً 44 rupees per month دوئ ایک تا چار چه کوم ملازمین دی دا Contribute کوی او بیا خدانخواسته دوران سروس د دوئ ناګاهانی مرګ اوشی نو هغه بیا یونیم لاکھ روپئ کمپنی هغوی ته ورکوی خو دا په دنیا کښې یو هم داسې سکیم نشته چه کوم دا ټرم انشورنس سکیمز دی نو هغې کښې On maturity دغه نه وی بلکه دا د Accidental دغه د پاره وی، د Accidental مرګ د پاره، یا داسې Disability د پاره وی، زما خیال دې کافی تفصیلی جواب ورکړې شوې دې۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! دا خو بیا دوئ وائی چه اووه سوه روپئ به ترې کټ کیږی کنه، تاسو چه کومه خبره کوئ نو سات سو روپئ د یو ملازم نه کټ کیدل خو به بیا ډیر زیاتې وی۔ جی، مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: مهربانی جی۔ زه په دې عذر کومه چه ارشد عبداللہ صاحب ما شاءاللہ، لیکن هغه سوالونه ډیر شو نو د دوئ زما سوال ته توجه نه وه، زه به دا سوال Repeat کړمه خیر دې بیا چه دوئ ښنګه جواب راکوی۔ زما د وینا مطلب دا دې چه چوالیس روپئ د هر یو کس نه کټ کوئ نو دا خو د ټولو ملازمینو نه به کټ شی او ورکوئ ئې چاله؟ نو یوه ناګهانی حادثه خو ډیره کمه کیږی کنه جی،

دیکښے بیلنس برابر نه دے او دوئ چه وائی چه داسے نه شی کیدے نو پخپله په جز (ب) کښے دوئ دا وینا کړے ده چه "آیا یہ بھی درست ہے کہ ملک میں باقیماندہ انشورنس سکیمیں Mature ہونے پر بمعہ منافع رقم واپس کی جاتی ہے؟ جی ہاں، یہ درست ہے" نو چه کله دا خبره درست وه، دا چوالیس روپئ چه دوئ نه کټ کیږی نو د دے څه اداره خو پکار ده کنه، ماوئیل د دے د پاره د داسے قواعد جوړ شی چه د هغه قواعد مطابق په چا باندے ظلم اونه شی او هغه چوالیس روپئ چه کوم سړی نه کټ کیږی که د هغه حق جوړیږی نو واپس د کړی ورته۔

جناب سپیکر: د هغے چه څه اوشی جی۔

وزیر اطلاعات: یو منټ جی-----

جناب سپیکر: جی، میاں صاحب۔

وزیر اطلاعات: جی مفتی صاحب چه کومه خبره کوی، بالکل ټهیک ئے کوی او مونږه هم دا خبره کوؤ چه خلقو ته پرے څنګه سهولت جوړیږی، بالکل هم د دوئ د خواهش مطابق به دا اوګورو، بالکل که کیدے شی نو هم داسے به اوکړو جی۔

جناب سپیکر: شکریه جی۔

مفتی کفایت اللہ: کمیټئ ته ئے حواله کړئ جی۔

جناب سپیکر: نه دوئ وائی چه یره ایشورنس ئے درکړو، ایشورنس ئے درکړو، اوس خو دا ایشورنس کمیټی مونږه جوړؤو۔ نه وائی چه، جی میاں صاحب! تاسو۔

وزیر اطلاعات: دا جی، دا خو مولانا صاحب دے او لږ ډیر زه هم میاں یمه نو زه د دوئ په ژبه پوهیږم نو ورته وایم چه زه دا ستا مسئله حل کوم نو دے اوس وائی چه نه هم په دے ځائے دا خبره اوکړه، دے د پاره چه کوم دے خبره کوؤ او چه څه مناسب وی او لاره به ورله رااوباسو۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! خومره ټائم کښے به ئے ورته کوئ؟

وزیر اطلاعات: مفتی صاحب له به زر تر زره لاره رااوباسو-----

جناب سپیکر: نه چه مفتی صاحب لږ په قلاره کښینی کنه۔ مفتی صاحب! زر به ئے کوی، په دوه هفتو کښے به ئے کوی که خیروی درته۔ شاه حسین صاحب، محترم شاه حسین خان۔

مفتی سید جانان: دا قلب حسن مو پریښودو۔

جناب سپیکر: هں، قلب حسن مو پریښودو۔ سید قلب حسن صاحب، سوال نمبر 147، موجود نہیں۔

مفتی سید جانان: په دیکښے زمایو ضمنی سوال دے۔

جناب سپیکر: جی جی، ما وئیل چه تاسو څنګه اوکتو؟ د مفتی صاحب پکښے مطلب وو کنه۔ جی مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: زه جی دا ګزارش کومه، ضمنی سوال دا دے چه په دغه کښے مردان، نوشهره، ډیره اسماعیل خان د علاقو بهرتیانے شوے دی جی، کوهاټ ډویژن کښے مطلب دا دے یوه بهرتی نه ده شوے، دا ولے نه ده شوے، خالی پوسټونه نشته دے؟ د منسټر صاحب نه دا ګزارش کوم۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل منسٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن جناب لیاقت شباب صاحب، دا کوهاټ مو ولے پریښودے دے، اخر وائی چه مونږه هم د دے صوبے یو؟ یہ مائیک آن کریں، جب میں نام پکاروں تو مائیک آن کیا کریں۔

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): تهینک یو۔ جناب سپیکر صاحب، چه څومره پورے د ضمنی کوئسچن خبره ده، دا مفتی صاحب چه کومه خبره اوکړه د کوهاټ باره کښے، د هر یو ډسټرکټ چه کله ډیمانډ وی جی، د هغے مطابق بیا ډیپارټمنټ فنانس ډیپارټمنټ ته ریکویسټ کوی او هغه پوسټونه غواړی، اوسه پورے لکه ته مونږه د کوهاټ یو داسے As such څه ډیمانډ نه وو راغلے، دا اوس Recently راغلے وو او زما خیال دے I think چه یو پوسټ د کوهاټ ډسټرکټ د پاره سینکشن شوے دے په دے بجټ کښے خو بیا د هغے مونږه ایډورټائزمنټ ورکړےدے په اخبار کښے او هغه اپوائنمنټ به انشاءالله په میرټ باندے مونږ کوؤ، د کوهاټ نه که خیر وی۔

جناب سپیکر: جی، شاہ حسین صاحب، سوال نمبر 154 موجود نہیں، محمد علی خان صاحب، سوال نمبر جی؟ محمد علی خان، ایجنډا د هډو کتلے نه ده؟

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر صاحب، دا زما سوال په ایجنډا کښے شته۔

جناب سپیکر: ستاسو شته کنه جی، دا سوال نمبر 172 دے۔

جناب محمد علی خان: دا سوال زما سره نشته دے۔

جناب سپیکر: نشته دے جی، که نه وی نو پریږدئ ئے، که تاسو نه هیر وی۔

جناب محمد علی خان: دا سوال زما سره په ایجنډا کښے نشته دے جی۔

جناب سپیکر: اوس Satisfied یئ که څه ضمنی سوال پکښے شته؟

جناب محمد علی خان: دا چه زه اوګورمه، ما خو نه دے کتلے۔ په دیکښے جی مفتی صاحب خبره اوکړه۔

جناب سپیکر: دا د پخوا هغه بسونه دی، دا ګرمول ډیر ګران کار دے۔جی سوال پیدا شو؟

جناب محمد علی خان: او جی، سوال ئے راکړو۔

* 172۔جناب محمد علی خان: کیاوزیرایکسائزاینڈ ٹیکسیشن ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائزاینڈ ٹیکسیشن ضلع چارسدہ میں چار کانسٹیبلان بھرتی کئے گئے ہیں;

(ب) آیایہ درست ہے کہ جوافراد بھرتی کئے گئے ہیں،وہ انٹرویو میں شامل نہیں تھے;

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بھرتی شدہ افراد ضلع چارسدہ سے باہر دوسرے اضلاع سے بھرتی کئے گئے ہیں;

(د) اگر(الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ بھرتی شدہ افراد کے مکمل ایڈریسز فراہم کئے جائیں;

(ii) کیا غیر قانونی بھرتی میں ملوث عملے کے خلاف حکومت کارروائی کرنے کاارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب لیاقت علی شباب(وزیرآبکاری ومحاصل): (الف) درست ہے۔

(ب) بھرتی شدہ افراد ٹیسٹ میں شامل تھے۔
(ج) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے سروس رولز مجریہ 2002 کے مطابق درجہ ذیل کوائف کے حامل صوبہ سرحد کے سکونتی باشندوں کو تمام قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد بطور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کانسٹیبلان بھرتی کیا جاسکتا ہے۔
(د) (i) مذکورہ بھرتی شدہ افراد کے مکمل ایڈریسز اور تفصیل فراہم کی گئی۔
(ii) تمام افراد کی بھرتی مجوزہ قانون و قاعدہ کے مطابق عمل میں لائی گئی تھی لہذا قانونی کارروائی کرنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔

جناب سپیکر: څه ضمنی سوال پکښے شته جی؟

جناب محمد علی خان: جی مفتی صاحب چه کومه خبره اوکړه-----

جناب سپیکر: شبقدر پکښے نشته؟

جناب محمد علی خان: او منسټر صاحب ورته اووئیل چه هلته کښے دغه نشته دے۔

جناب سپیکر: ډیمانډ نشته دے؟

جناب محمد علی خان: په شبقدر کښے جی اوس دوئ راوستل، د سټاف مستقل دفتر ئے قائم کړو او زیات آمدن ئے د شبقدر نه دے، روزانه ایکسائز والا، په دے باندے کوئسچن جی او کال اټنشن هم جمع کړے دے، هغه خبره به بیا په هغے اوکړو چه شبقدر کښے څلور، پینځه او شپږ کسان هلته شوی دی خو دے یو تیر شوے بھرتئ کښے یو کس هم د شبقدر نه دے شوے۔

جناب سپیکر: جی، جناب آنریبل منسٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن۔

وزیر آبکاری و محاصل: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، چونکه دا سوالونه لکه ډیر زاړه راروان دی جی اوستاسو په نوټس کښے به وی چه په دغه ټولو سوالاتو باندے سټینډنګ کمیټۍ رپورټ تیار کړے وو چه دے معزز ایوان د هغے منظوری هم ورکړے ده نو Already دا ټول په سټینډنګ کمیټۍ کښے ډسکس شوی دی او دا رپورټ ورسره لف دے جی، نو I think چه په دے باندے مزید بحث هسے د ټائم ضیاع ده۔

جناب سپیکر: دامخکښې په سټینډنګ کمیټئ کښې Same دا ډسکس شوې دې او د هغې رپورټ راراوړن دې۔

وزیر آبکاری و محاصل: د هغې رپورټ راغلې دې جي، دې معزز ایوان د دې منظوری هم ورکړې ده جي۔

جناب سپیکر: اوس Lay شوې دې ؟

وزیر آبکاری و محاصل: په دې تیر شوې باندې نو په هغې باندې زه وایم چه په دې باندې بحث اوکړم-----

جناب سپیکر: د هغې یوه کاپي محمد علی خان صاحب! سیکرټریټ ته ورکړئ۔ جي تاج محمد خان صاحب، تاج محمد خان ترند صاحب، سوال نمبر 189۔

* 189۔تاج محمد خان ترند: کیاوزیرایکسائزاینڈ ٹیکسیشن ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع بٹگرام ایک پہاڑی دورافتادہ اور نہایت پسماندہ ضلع ہے؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ضلع بٹگرام میں غریب عوام کیلئے کوئی خاص ذریعہ معاش نہیں ہے؛

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ ضلع بٹگرام کے ایکسائزاینڈ ٹیکسیشن دفتر میں دوخالی آسامیوں پر نوشہرہ اور پشاور سے تعلق رکھنے والوں کو بھرتی کیا گیا ہے؛

(د) اگر(الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ محکمے کی بھرتی کا طریقہ کار، رولزاور پالیسی بتائی جائے؛

(ii) بھرتی کیلئے اخباری اشتہار، درخواست گزاروں کے نام، تحریری ٹسٹ، انٹرویو اور بھرتی شدہ افراد کی مکمل فہرست فراہم کی جائے؟

جناب لیاقت علی شباب(وزیرآبکاری و محاصل): (الف)درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) درست ہے۔

(د) (i) محکمہ ایکسائزاینڈ ٹیکسیشن کے سروس رولز مجریہ 2002 کے مطابق درج ذیل کوائف کے حامل صوبہ سرحد کے سکونتی باشندوں کو تمام قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد بطور ایکسائزاینڈ ٹیکسیشن کانسٹیبلان بھرتی کیا جاسکتا ہے:

(1) تعلیم میٹرک۔

(2) قد 5فٹ 7انچ۔

(3) چھاتی 33-34.5 انچ۔

(4) عمر 18 سے 30 سال کے درمیان۔

(ii) بھرتی کیلئے اخباری اشتہار، درخواست گزاروں کے نام اور بھرتی شدہ افراد کی مکمل فہرست فراہم کی گئی۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: ہاں جی، وہ ساونڈ سسٹم والے سوئے ہوئے ہیں، کوئی جا کے ادھر جگا دے، سیکورٹی والے جائیں۔

جناب تاج محمد خان ترند: شکریہ۔ جناب سپیکر، ښنگه چه منسټر صاحب اووئیل، دا سے کوئسچن د سکندر شیرپاؤ صاحب وو او د عتیق الرحمان صاحب وو، هغه کمیټئ ته تلے وو، چونکه زه د هغے کمیټئ ممبر یمه نو په هغے باندے مونږه هغه خپل Recommendations ورکړل او هغه دے هاؤس Approve کړی دی، لهذا زه د دے نه Satisfied یمه۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ تھینک یو۔ جاوید عباسی صاحب، محترم جاوید عباسی صاحب، سوال نمبر 638۔

* 638۔ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر آبکاری و محصولات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے ضلع ایبٹ آباد میں 09-2008 کے دوران مختلف آسامیوں پر بھرتیاں کی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ محکمہ میں بھرتی کئے گئے لوگوں کا تعلق کن اضلاع سے ہے، نیز بھرتیوں میں مقامی لوگوں کو کیوں نظر انداز کیا گیا ہے؛

(ii) آیا حکومت کی پالیسی کے مطابق مقامی لوگوں کو ترجیح نہیں دی جاتی، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): (الف) یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے ضلع ایبٹ آباد میں ایکسائز کانسٹیبلان کی خالی آسامیوں پر بھرتیاں کی ہیں۔

(ب) (i) بھرتی شدہ لوگوں کی تفصیل فراہم کی گئی اور مقامی لوگوں کو نظر انداز نہیں کیا گیا ہے۔

(ii) یہ درست ہے کہ حکومتی پالیسی کے مطابق درجہ چہارم کی خالی آسامیوں پر بھرتی میں مقامی لوگوں کو ترجیح دی جاتی ہے اور بدیں وجہ ضلع ایبٹ آباد میں کل چودہ مقامی لوگوں کو بطور کانسٹیبلان بھرتی کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary ji?

جناب محمد جاوید عباسی: شکریہ۔ جناب سپیکر، میں نے منسٹر صاحب کے ساتھ بات کی تھی، انکی مہربانی ہے کہ انہوں نے کہا تھا کہ اگر ایسا ہوا، میں نے صرف ان سے یہی توجہ چاہی تھی کہ میں نے کہا کہ ایشورنس کر دیں کہ یہ بڑی مہربانی ہے کہ آپ نے مقامی لوگوں کو بھرتی کیا ہے لیکن چونکہ وہاں چھپن یونین کونسلیں ہیں اور پانچ پی ایف کے حلقے ہیں، یہ صرف دو یونین کونسلوں سے بارہ آدمی ہوئے ہیں تو انہوں نے کہا تھا کہ اگر ہوا تو میں نے اس لئے سوال کیا تھا کہ یہ ریکارڈ چونکہ سامنے آجائے تو انہوں نے کہا تھا کہ اگر ایسا ہوا تو آئندہ انشاء اللہ ہم کوشش کریں گے کہ سب میں اور دوسری یونین کونسلوں کی بھی لوگوں کو چاہیئے تو یہ تھا کہ میں منسٹر صاحب کی ایشورنس چاہونگا جو انہوں نے ہمیں Already کروائی ہے اگر کروا دی ہے کہ جی ٹھیک ہے اور آئندہ جو بھرتی کی جائے گی، اس میں مختلف یونین کونسلوں کی بھی اور ایک دو یونین کونسلوں سے ہوئے ہیں، چھپن ہے اور تقریباً چون یونین کونسل جو ہیں وہ محروم رہ گئی ہیں تو پورے ضلع سے ہو جائے تو یہ ایک اچھا Message جائے گا تو منسٹر صاحب نے مجھے زبانی طور پر یقین دلایا تھا کہ ایشورنس آجائے تو میں جناب Satisfied ہوں اس کوئسچن سے۔

جناب سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب! یو منټ جی، دوئ پریږده۔

مفتی کفایت اللہ: میرا سوال تو یہ ہے کہ منسٹر صاحب تو ٹھیک آدمی ہیں، کوئسچن اس میں یہ بنتا ہے کہ اتنا ٹھیک کیوں ہے؟

(قہقہے)

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Excise and Taxation.

وزیر آبکاری و محاصل: شکریه۔ جناب سپیکر، زه د مفتی صاحب ډیر مشکور یمه جی۔ دا د دوئ ذره نوازی ده، حسن ظن دے چه دوئ دا ریمارکس ما د پاره ورکړل حالانکه زه خو د دوئ د پښو خاورے یمه۔ زمونږه مشر دے جی، د خپل ورور جاوید عباسی صاحب، بیرسټرصاحب ته دا یقین دهانی ورکوم چه څنګه دوئ کوئسچن کړے وو جی----

جناب سپیکر: اس کیلئے کچھ اردو میں بولیں نا۔۔۔۔

وزیر آبکاری و محاصل: جی، جیسا کہ انہوں نے کوئسچن کیا تھا سر۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ تو پشتو نہیں سمجھ سکتا۔

وزیر آبکاری و محاصل: کہ ایبٹ آباد سے کتنے لوگ بھرتی ہوئے ہیں تو مجھے پتہ نہیں کہ اسمیں ایک مخصوص یونین کونسل میں سے آئے ہیں، ایک سے یادو سے وہ چونکہ ان کا حلقہ ہے، ان کا ڈسٹرکٹ ہے، ان کو بخوبی علم ہوگا لیکن ایبٹ آباد سے چودہ کانسٹیبلز بھرتی ہوئے ہیں جو لوکل ہیں اور میں یہ یقین دہانی دلاتا ہوں، اپنے جاوید بھائی کو کہ Next انشاء اللہ جب بھی ایسی پوسٹیں آئینگی تو پورے ڈسٹرکٹ سے ہم اشتہار دے دیتے ہیں، اب جو لوگ Apply کرتے ہیں، انہی کی Application کو Consider کر کے ڈیپارٹمنٹ وہ اپوائنٹمنٹ کرتا ہے تو انشاء اللہ ہماری کوشش ہوگی کہ ان کو بھی Inform کرینگے کہ جتنے زیادہ سے زیادہ Candidates آسکتے ہیں، اس میں انشاء اللہ ان کو Consider کرینگے اور میرٹ پر انشاء اللہ لینگے۔ تھینک یو جی۔

Mr. Speaker: Honourable Dr. Zakirullah Khan Sahib, Not present. Haji Qalander Lodhi Sahib, Not present.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

841۔ محترمہ نور سحر: کیا وزیر اسٹیبلشمنٹ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت اچھی کارکردگی کی بناء پر ایوارڈ اور تحائف دینے کیلئے مرکزی حکومت کو سفارش کرتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صوبائی حکومت نے کن کن افراد کو مختلف ایواڈ اور تحائف کیلئے وفاقی حکومت سے سفارش کی ہے؛

(ii) گزشتہ تین سالوں میں کتنے افراد کو تحائف سے نوازا گیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): جی ہاں، یہ درست ہے کہ وفاقی حکومت کی ہدایت پر ہر سال صوبائی حکومت سائنس، کھیل وثقافت، ادب و صحافت اور طبی شعبہ جات میں ماہر افراد کی خدمات کے صلے میں ایواڈ دینے کیلئے سفارشات طلب کرتی ہے۔ اس کے علاوہ بہادری، دلیری و شجاعت کے حامل پولیس افسران اور ماتحت عملہ کی سفارشات بھی طلب کی جاتی ہیں۔ صوبائی حکومت نے گزشتہ تین سالوں میں

مندرجہ بالا شعبہ جات میں مہارت رکھنے والے افراد جن کی تفصیل درج ذیل ہے کو ایوارڈز دینے کی سفارش کی ہے۔ فہرست فراہم کی گئی۔

نام ایوارڈ	سال2007	سال2008	سال2009
ستارہ امتیاز	1	2	1
صدارتی ایوارڈ برائے حسن کارکردگی	3	9	5
تمغہ شجاعت	2	4	4
تمغہ امتیاز	12	-	8
صدارتی پولیس میڈل	5	1	5
نشان امتیاز	-	1	-
ہلال امتیاز	1	2	-
قائداعظم پولیس میڈل	8	12	6
ستارہ خدمت	-	-	1
نشان شجاعت	1	-	1
ہلال شجاعت	2	-	1
ستارہ شجاعت	1	2	-

وفاقی حکومت نے جن افراد کو اعزازات سے پچھلے دو سالوں میں نوازا ہے، ان کی تفصیل فراہم کی گئی۔ تاہم سال 2009 کے اعزازات جو کہ مورخہ 23 مارچ 2010 کو نوازیں گے، ان کی تفصیل مرکزی حکومت سے موصول نہیں ہوئی ہے۔ جہاں تک تحائف دینے کا تعلق ہے تو اس ضمن میں صوبائی حکومت وفاقی حکومت کو کوئی سفارش نہیں کرتی۔

866۔ محترمہ نور سحر: کیا انچارج وزیر اسٹیبلشمنٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ اسٹیبلشمنٹ میں کئی اہلکاروں / افسران کو ریٹائرمنٹ کے بعد ملازمت میں توسیع دی جاتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 09-2008 کے دوران کل کتنے اہلکاروں / افسران کو ریٹائرمنٹ کے بعد ملازمت میں توسیع دی گئی ہے ان کے نام، عہدہ اور توسیع کے طریقہ کار کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) کل کتنے اہلکاروں / افسران کی ملازمت میں توسیع کے کیسسز Reject کئے گئے ہیں، ان کے نام، عہدہ اور توسیع نہ دینے کی وجوہات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) سال 2009 میں محکمہ اسٹیبلشمنٹ نے صرف ایک افسر جناب صاحب شاہ (ایکس پی سی ایس) سکیل 17 کو جو کہ وزیر اعلیٰ کے پرائیویٹ سیکریٹری کی حیثیت سے کام کر رہا تھا کو ریٹائرمنٹ پر بمورخہ دو ستمبر 2009ء سے چھ ماہ کیلئے ملازمت میں توسیع دی گئی ہے اور وہ اب بھی وزیر اعلیٰ کے پرائیویٹ سیکریٹری کے طور پر کام کر رہا ہے، البتہ سال 2008 میں درج ذیل افسروں کو دوبارہ کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا گیا۔

(1) جناب عبدالجلیل خان (ریٹائرڈ پی سی ایس، سکیل 20 ممبر سروسز ٹربیونل، 18 دسمبر 2008 سے دو سال کیلئے۔

(2) بریگیڈئر (ریٹائرڈ) سلیم اشرف چیئرمین گورنر انسپکشن ٹیم دو سال کیلئے یعنی یکم ستمبر 2007 سے 31 اگست 2009 تک پھر دو سال کیلئے مزید توسیع یعنی یکم ستمبر 2009 سے 31 اگست 2011 تک۔

(3) جناب روح الامین (ریٹائرڈ پی سی ایس سکیل۔19)، ایڈیشنل سیکریٹری چیف منسٹر سیکریٹریٹ، شروع میں دو سال کیلئے یعنی 26 ستمبر 2007 سے 26 ستمبر 2009 تک، پھر ان کی کنٹریکٹ ملازمت میں 25 جنوری 2010 سے چار مہینے کیلئے مزید توسیع دی گئی۔

(4) جناب ضیاء الرحمٰن (ریٹائرڈ پی سی ایس سکیل 21)، ایڈوائزر آن این ایف سی، 21 اپریل 2009 سے چھ مہینے کیلئے۔

درج ذیل افسروں کی دوبارہ ملازمت کی درخواست متعلقہ کمیٹی نے مسترد کی کیونکہ ان میں کوئی بھی اہلکار غیر معمولی استعداد کار کا حامل نہیں تھا اور نہ ہی متعلقہ محکمے کے پاس قابل قبول جواز موجود تھا جس کی بنیاد پر ان کو دوبارہ ملازمت دی جاتی:

1) انجنیئر مسعود پرویز قریشی محکمہ ایریگیشن، پراجیکٹ پوسٹ کیلئے۔

2) جناب نوراللہ محکمہ زکواۃ، ایڈیشنل سیکریٹری پوسٹ کیلئے۔

3)جناب محمد خان محکمہ فنانس، ڈپٹی سیکرٹری کی پوسٹ کیلئے۔

4) جناب فدا محمد محکمہ فنانس، سیکشن آفیسر پوسٹ کیلئے۔

5) جناب شاہ سوار محکمہ فنانس، سیکشن آفیسر پوسٹ کیلئے۔

6) جناب مقبول شاہ محکمہ ہاؤسنگ، ہیڈ ڈرافٹسمین پوسٹ کیلئے۔

867۔محترمہ نور سحر: کیا وزیر اسٹیبلشمنٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ اسٹیبلشمنٹ میں کئی افسران بطور آفیسر بکار خاص او ایس ڈی موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے میں تعینات کمشنر، ڈی سی اوز اور صوبائی سیکرٹریوں کے نام اور گروپ آف سروس کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز گریڈ 18 اور اس سے زائد گریڈ کے کتنے افسران اس وقت بکار خاص (او ایس ڈی) بنائے گئے ہیں، ان کے نام، عہدہ اور آفیسر بکار خاص بنانے کی تاریخ اور وجوہات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) صوبے میں تعینات صوبائی سیکرٹریوں، کمشنروں اور صوبائی رابطہ افسران کے نام بمعہ سروس گروپ کی تفصیل اور افسران بکار خاص کے نام، عہدہ اور افیسر بکار خاص بنانے کی تاریخ بمعہ تفصیل فراہم کی گئی۔

154۔جناب شاہ حسین خان: کیا وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن صوبہ سرحد میں کانسٹیبلان گریڈ پانچ کی آسامیوں پر 22 جون تا 30 جون 2008 بھرتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ تمام بھرتیاں قواعد و ضوابط کے تحت کی گئی ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ بھرتی کیلئے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ، ٹیسٹ اور انٹرویو کی تاریخ، نیز تمام امیدواروں کے نام بمعہ ولدیت و پتہ اور تمام بھرتی شدہ کنسٹیبلان کے نام و ولدیت اور پتہ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): (الف) درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 10 اکتوبر 2007 تھی جبکہ امیدواروں نے ٹسٹ انٹرویو کیلئے تاریخ 24 مئی و 26 تا 28 مئی 2008 مقرر کی گئی تھی، تمام امیدواروں کے نام بمعہ کوائف اور تمام بھرتی شدہ کانسٹیبلان کے نام وولدیت اور پتہ کی تفصیل فراہم کی گئی۔

510 ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے صوبائی ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے بہت سے منصوبے شروع کئے ہیں;

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ان منصوبوں میں بینوولنٹ فلنگ سٹیشن بھی شامل ہے;

(ج) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ پٹرول پمپ سے صوبائی محکموں کو تیل کی سپلائی کی جاتی ہے;

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہر محکمہ کو تیل کی ضرورت پوری کرنے کیلئے فنڈز مختص کیا جاتا ہے;

(ھ) اگر (الف) تا (د) کی جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ پٹرول پمپ کب اور کتنے سرمایہ سے قائم کیا گیا ہے، نیز مذکورہ پمپ سے کن محکموں کو تیل کی سپلائی کی جاتی ہے;

(ii) مذکورہ پمپ کے نادہندہ محکموں کے نام اور ان کے ذمے رقم کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز گزشتہ چار سالوں 08-2005 کے دوران پمپ کی آمدن واخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے، حکومت کے تحت صوبائی بینولنٹ فنڈ بورڈ نے سرکاری ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے بہت سے منصوبے شروع کئے ہیں۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) جی ہاں، مذکورہ پٹرول پمپ سے پشاور میں واقع صوبائی محکمہ جات و دفاتر کو ان کی سرکاری گاڑیوں کیلئے ہر محکمے کو تیل کی سپلائی کی جاتی ہے۔

(د) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(i) صوبائی بنیوولنٹ فنڈ نے مذکورہ پٹرول پمپ فروری 1999 میں پاکستان اسٹیٹ آئیل (PSO) کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت قائم کیا، اس کی زمین صوبائی حکومت کی طرف سے نیز لیز پر فراہم کی گئی جبکہ پٹرول پمپ کی تعمیر پر سارے اخراجات PSO نے برداشت کئے۔ بعد ازاں صوبائی بینوولنٹ فنڈ نے پٹرول پمپ کو چالو کرنے اور روزمرہ تیل کے حصول و خرید کیلئے -/43,75,000 روپے بطور یک وقتی

سرمایہ (One Time Allocation) فراہم کئے۔ مذکورہ پٹرول پمپ سے پشاور میں واقع تقریباً تمام صوبائی محکموں / سرکاری دفاتر بشمول محکمہ پولیس کو تیل کی فراہمی کی جاتی رہی ہے تاہم تیل کی حصول میں مشکلات، محکمہ جات کی طرف سے بلوں کی عدم ادائیگی / نادہندہ گی اور مالی مشکلات کی وجہ سے فی الوقت تیل کی سپلائی درج ذیل محکموں / دفاتر تک محدود کردی گئی ہے۔

(1) گورنر ہاؤس پشاور (2) گورنر سیکرٹریٹ (3) پریس سیکرٹری ٹو گورنر۔

(4) وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ (5) محکمہ عملہ وانتظامیہ (6) محکمہ منصوبہ بندی وترقیات۔

(7) محکمہ لوکل گورنمنٹ ودیہی ترقی (8) محکمہ قانون (9) محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن۔

(ii) فی الوقت مجموعی طور پر نادہندہ صوبائی محکمہ جات، دفاتر کے ذمے =/13849150 روپے واجب الادا ہیں جن کی تفصیل فراہم کی گئی۔ گزشتہ چار سالوں 08-2005 کے دوران پٹرول پمپ کی آمدن و اخراجات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سال	آمدن	اخراجات
2005	3444998	1545913
2006	2926924	1692535
2007	2245028	1496536
2008	1426963	1228963
میزان	10043913	5963947

یاد رہے کہ محکموں کی جانب سے واجب الوصول رقوم کی عدم ادائیگی / نادہندگی، تیل کی قیمتوں میں لگاتار اضافے، تیل کی قلت اور بڑھتے ہوئے اخراجات اور ان کے مذکورہ پٹرول پمپ کے کاروبار و مالی حالت پر مضر اثرات کی وجہ سے یہ پراجیکٹ اپنی پوری صلاحیت کے مطابق کام نہیں کر سکا ہے۔

(iii) صوبائی بنیوولنٹ بورڈ نادہندہ محکموں / دفاتر سے واجب الادا رقوم / بقایاجات کی وصولی کیلئے مختلف ادوار میں وقتاً فوقتاً بذریعہ خط وکتابت اور اجلاسوں کے ذریعے کوشش کرتا رہتا ہے۔ کئی نادہندہ محکموں بشمول محکمہ پولیس، جن کے ذمے ہمیشہ بھاری رقوم رہا کرتی تھیں، کو بقایاجات کی ادائیگی کے بعد مذکورہ پٹرول پمپ کی Credit Facility سے الگ کردیا گیا ہے۔ اسی طرح کئی دیگر سرکاری محکموں / دفاتر کو، جو بار ہا درخواستوں کے باوجود اپنی واجب الادا رقوم کی ادائیگی نہیں کر سکے ہیں، مذکورہ Credit Facility کے تحت تیل کی سپلائی روک دی گئی جبکہ ان کے ذمے بقایاجات کے حصول کیلئے صوبائی محکمہ

خزانہ کو ان کیلئے مختص فنڈ میں سے ادائیگی کی درخواست کی گئی ہے جس پر ابھی کوئی عمل درآمد نہیں ہوا۔ علاوہ ازیں ان نادہندہ محکموں کے ساتھ اس مقصد کیلئے خصوصی اجلاسوں کا انعقاد بھی جاری ہے، امید ہے ان اقدامات کے مثبت نتائج نکلیں گے۔

605۔ حاجی قلندر خان لودھی: کیا وزیر انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2003 تا 2007 کے دوران پشاور میں سرکاری ملازمین کو سرکاری مکانات الاٹ کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) 2003 تا 2007 کے دوران جن ملازمین کو سرکاری مکانات الاٹ کئے گئے ہیں، ان کے نام، گریڈ، سنیارٹی، محکمہ کا نام اور مکانات کے نمبروں کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؛

(ii) جن ملازمین کو بغیر نمبر یعنی Out of turn اور Rules relax کر کے مکانات الاٹ کئے گئے ہیں ان ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز الاٹنگ اتھارٹی کا نام اور سنیارٹی میں اہلکار کے نام کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) 2003 تا 2007 کے دوران جن ملازمین کو سرکاری مکانات الاٹ کئے گئے ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(ii) تمام سرکاری مکانات مجاز حاکم کی منظوری کے بعد میرٹ پر الاٹ کئے جاتے ہیں تاہم بعض اوقات حالات کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے ہمدردی کی بنیاد پر سرکاری ملازم کی ذمہ داری کی نوعیت کے بناء پر جس کی وجہ سے تا دیر دفتر میں اہم احکام کی انجام دہی یا کسی خاص سانحے کی وجہ سے مجاز حاکم کے حکم سے الاٹمنٹ کی جاتی ہے، ان کے نام بھی درج بالا فہرست میں شامل ہیں۔ فہرست فراہم کی گئی۔

147۔ سید قلب حسن: کیا وزیر ایکسائز و ٹیکسیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حال ہی میں محکمہ ایکسائز میں کانسٹیبلان کی خالی آسامیوں پر بھرتی کی گئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو جتنی بھرتیاں کی گئی ہیں، انکا Criteria کیا تھا، نیز بھرتی شدہ افراد کے نام، پتہ اور ڈومیسائل کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): (الف) ہاں یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں کانسٹیبلان کی خالی آسامیوں پر بھرتی کی گئی ہے۔

(ب) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے سروس رولز مجریہ 2002 کے مطابق درج ذیل کوائف کے حامل صوبہ سرحد کے سکونتی باشندوں کو تمام قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد بطور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کانسٹیبلان بھرتی کیا جاسکتا ہے۔

(i) تعلیم میٹرک۔

(ii) قد 5 فٹ 7 انچ۔

(iii) چھاتی 33-34.5 انچ۔

(iv) عمر 18 سے 30 سال کے درمیان۔

بھرتی شدہ افراد کے نام، پتہ اور ڈومیسائل کی تفصیل فراہم کی گئی۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں ثناء اللہ میانخیل صاحب، وجیہہ الزمان خان صاحب، شاہ حسین خان، محترمہ نور سحر صاحبہ اور منور خان ایڈوکیٹ صاحب نے 18 و 19 اکتوبر 2010ء؛ کشور کمار صاحب، جناب سید قلب حسن صاحب اور جناب ڈاکٹر اقبال دین فنا صاحب نے 18 اکتوبر 2010ء جبکہ جناب شیر شاہ خان نے 18 اکتوبر تا 20 اکتوبر 2010ء تک رخصت طلب کی ہے تو Is it the desire of the House that the Leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The Leave is granted.

نکتہ اعتراض

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، ایک منٹ۔ ثاقب اللہ خان، اس نے اٹھایا ہے، ایک Matter تھا، جس میں انہوں نے رولنگ مانگی تھی۔ عبدالاکبر خان صاحب بھی پھر اس میں شریک ہوئے اور سارے،

On 31st August, 2010 Mr. Saqibullah Khan Chamkani, MPA raised a point of order that the Khyber Pakhtunkhwa Chashma Right Bank Canal (lift-Cum-Gravity) Project (Control and Prevention of Speculation in Land), Ordinance, 2010 promulgated by the Governor on 19th July was violative to the Constitution as,

on the same day the Governor had issued a summoning order to meet the Assembly on 21st August. He quoted Article 128 of the Constitution which provides that:-

"The Governor may, except when the Provincial Assembly is in session, if satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action, make and promulgate an Ordinance as the circumstances may require".

He stressed on the phrase "except when the Provincial Assembly is in session" saying that when the Governor summoned the session of the Assembly on 19th August, he was not competent to have promulgated the Ordinance on the same day. Moreover he extended that the promulgation of the said Ordinance did not require immediate action, as the issue contemplated therein was related to routine matter. Besides, he said that format of the Ordinance has been changed to deceive the Assembly.

